
# ٹیچرز گائیڈ

چوتھی جماعت کے لئے

تحریر: خالد محمود، محمد انور خان، طارق رحمٰن
فاروق احمد خان، رانا فقیر محمد
یعقوب علی، عابد جمیل، عبدالجلیل
گورنمنٹ یونی لیور ایلیمنٹری اسکول (رحیم یار خان)



## ٹیچر کیلئے نوٹ

- کتاب ''پلیٹ چھوٹی یا بڑی دہی میٹھا یا سادہ'' چوتھی جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ لیکن اگر ٹیچر چاہیں تو اپنی جماعت کے بچوں کی ذہنی سطح دیکھتے ہوئے اس میں ردوبدل کرسکتی ہیں۔

یہ کہانی ایک روز مرہ کے مشاہدے پر مبنی ہے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ لوگ غیر ضروری بات چیت یا بلاوجہ بات کو طول دے کر دوسروں کا وقت خراب کرتے ہیں۔ اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ بات اتنی لمبی ہو جاتی ہے کہ اصل موضوع تک پہنچ ہی نہیں پاتے۔

ہمیں اپنے اور دوسروں کے وقت کی قدر کرنا چاہئے۔ اس کتاب کو پڑھانے سے پہلے ضروری ہے کہ ٹیچر دو چار مرتبہ خود بھی پڑھ لیں تاکہ چاٹ والے کے مکالمے اور لڑکی کے مکالمے مزے لے کر پڑھ سکیں۔

اس کہانی کے ذریعے recipe لکھنے پر بھی کام ہو سکتا ہے۔ الفاظ کی ضد۔ آسان جملے اور عملی کام میں رول پلے (roleplay) بھی کروایا جاسکتا ہے۔

## سیشن 1

10 منٹ

- ٹیچر کلاس میں آکر بچوں سے پہلے ہلکے پھلکے انداز میں کتاب اور اس کے موضوع سے ہٹ کر بات چیت کریں تاکہ استاد اور طالب علم کے درمیان ایک دوستانہ ماحول قائم رہے۔ بات چیت اس طرح کی ہو سکتی ہے مثلاً

کل کا دن کیسا گزرا؟

کیا کسی نے کوئی خاص بات دیکھی یا سنی؟

کیا کسی نے کوئی شرارت کی تھی؟ اگر کی تھی تو کون سی؟

کوئی پھل کھایا تھا؟ کون سا کھایا تھا؟ کھٹا تھا یا میٹھا؟

پھل کھانا کیوں اچھا ہے؟

بچوں سے پوچھیں کہ میٹھا کی انگریزی کیا ہوتی ہے۔ جو بچہ پہلے sweet کہے اس سے کہیں کہ وہ آکر بورڈ پر sweet لکھے۔

20 منٹ

- ٹیچر پوچھیں کہ کیا کوئی بچہ لفظ sweet سے انگریزی میں ایک چھوٹا سا جملہ بنا سکتا ہے۔ مختلف بچے مختلف جملے بنائیں گے مثلاً

This is a sweet apple
This is a sweet mango
My tea is very sweet

ان کی حوصلہ افزائی کریں اور زیادہ سے زیادہ بچوں سے انگریزی میں آسان جملے بنوائیں۔

15 منٹ

- اب کتاب ''پلیٹ چھوٹی یا بڑی دہی میٹھا یا سادہ'' کی کلاس میں پڑھائی کروائیں۔ پہلے ٹیچر خود ایک مرتبہ بلند آواز اور الفاظ کے اتار چڑھاؤ اور چہرے کے تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔ پھر چند ایسے بچوں سے پڑھوائیں جن کی پڑھائی نسبتاً بہتر ہو۔ بعد میں چند دوسرے بچوں سے پڑھوائیں۔ اگر پڑھائی کے درمیان کوئی ایسا لفظ آئے جو انگریزی میں بھی استعمال ہوتا ہے تو اس کے بارے میں بھی بات کریں۔ مثلاً

''بچ'' انگریزی کا لفظ ہے یا اردو کا؟

اگر انگریزی کا ہے تو اس کا اردو میں کیا مطلب ہوگا۔ بچے مطلب سوچنے کی یقیناً کوشش کریں گے۔ جب بچے جواب دے چکیں تو بتائیں کہ بہت سے انگریزی کے الفاظ ایسے ہیں جو اب اردو میں بولے جاتے ہیں۔

اب ٹیچر چند الفاظ مثلاً ٹائم۔ ریلوے اسٹیشن۔ کیک۔ ٹیچر۔ ٹاور۔ ایئرپورٹ وغیرہ وغیرہ بورڈ پر اردو میں پھر ساتھ ساتھ انگریزی میں لکھیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ان میں سے بعض الفاظ کے اردو معنی موجود ہیں مگر ہم زیادہ تر انگریزی کا لفظ ہی استعمال کرتے ہیں۔

بچوں کو بتائیں کہ کسی زبان میں نئے الفاظ کے داخل ہونے سے زبان ترقی کرتی ہے اور اردو تو ویسے بھی بہت سی زبانوں سے مل کر بنی ہے۔

## گھر کا کام

- ٹیچر بچوں سے کہیں وہ الفاظ ''پلیٹ'' ''چھوٹی'' ''گلاس'' ''بڑی'' ''دہی'' ''میٹھا'' ''انتظار'' ''تھیلا'' ''بس اسٹاپ'' ''غصہ'' کے جملے گھر سے بنا کر لائیں۔

# سیشن 2

5 منٹ

• پانچ منٹ تک بچوں سے غیر رسمی بات چیت کریں۔ اس طرح بچوں اور ٹیچر میں بہتر دوستانہ ماحول پیدا ہوتا ہے اور بچے ٹیچر کی بات زیادہ دلچسپی سے سنتے ہیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں نظم و ضبط قائم رہے اور شور نہ ہو۔ بات کچھ اس طرح کی ہو سکتی ہے۔

تم سب کا کیا حال ہے؟

رات کو کتنے بجے سوئے تھے؟ اگر کچھ بچے بتائیں کہ دیر میں سوئے تھے تو ان سے کہیں کہ 8 سے 10 گھنٹے سونا بچوں کی صحت کے لئے بہت ضروری ہے۔ اگر دوسرے دن اسکول آنا ہے تو جلدی سونا بہتر ہوتا ہے۔

پھر کسی بچے سے پوچھیں کیوں بہتر ہوتا ہے؟ اس کا جواب سن کر ٹیچر خود بھی جلدی سونے اور اسکول کے لئے صحیح وقت پر اٹھنے کے فائدے بتائیں۔ (تیار ہونے کا وقت ملے گا۔ صحیح طرح ناشتہ کر سکیں گے۔ اسکول بھی صحیح وقت پر پہنچیں گے۔ دماغ کیونکہ تازہ ہوگا اس لئے ٹیچر کی بات بھی اچھی طرح سمجھ میں آئے گی۔) ٹیچر دوستانہ ماحول میں بات کریں۔

25 منٹ

• اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ ہم آج چند الفاظ اور ان کا انگریزی ترجمہ کریں گے۔ ٹیچر بورڈ پر کچھ اردو کے الفاظ لکھیں مثلاً (انگریزی کا ترجمہ بچوں سے پوچھ کر لکھا جائے)۔

| الفاظ | انگریزی ترجمہ | الفاظ | انگریزی ترجمہ |
|---|---|---|---|
| چھوٹا | small | غصہ | anger |
| ٹھیلا | cart | جواب | answer |
| مسالہ | spice | تیار | ready |
| تنگ آنا | irritated | انتظار | wait |
| شربت | cold drink (sharbat) | ٹھنڈا | cold |
| پانی | water | شکر | thanks |
| سادہ | plain | | |

جب بچے یہ سارے الفاظ اتار لیں تو ان سے پوچھیں کس کس کو ان کی انگریزی آتی ہے۔ بچے ہاتھ

اٹھاتے جائیں گے ٹیچر ان سے پوچھ کر بورڈ پر لکھتی جائیں۔
جب سب الفاظ کی پڑھائی ہو جائے اور تصحیح بھی ہو جائے تو ٹیچر بچوں سے کہیں کہ ان الفاظ اور معنی کو اپنی اپنی کاپیوں میں اتار لیں اور اردو الفاظ کے جملے گھر سے بنا کر لائیں۔
اگر وقت باقی رہ جائے تو کلاس میں الفاظ کی بیت بازی کا مقابلہ کروائیں۔

### بیت بازی

15 منٹ

- ٹیچر کلاس میں دو گروپ بنائیں۔ پہلے ٹیچر خود ایک لفظ بولیں مثلاً ''سیب''۔ اب ایک گروپ میں کوئی بچہ کسی چیز کا نام بتائے جو حرف ''ب'' سے شروع ہوتا ہے۔ مثلاً ''بادام''۔ اب اسی طرح دوسرے گروپ سے ''م'' سے شروع ہونے والی ایک چیز کا نام بتائے۔
اگر کسی گروپ کو مزید کسی پھل کا نام سمجھ میں نہ آئے تو کسی اور چیز مثلاً فرنیچر۔ کتاب۔ رنگ وغیرہ کے نام بتائیں۔ اس طرح اس کا ایک نمبر کٹ جائے گا اور پھر سے نئے لفظ کے ساتھ دوبارہ کھیل شروع ہو جائے گا۔ اس کھیل سے بچے یقیناً لطف اندوز ہوں گے۔

### گھر کا کام

- کتاب کے سبق کو غور سے پڑھ کر آئیں۔ کل اس میں سے dictation ہوگا۔

## سیشن 3

10 منٹ

- آج کلاس میں پہلے مختلف بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ پڑھائی کا طریقہ سیشن 1 میں دیئے گئے طریقے کے مطابق ہی ہوگا۔ کوشش کریں کہ اب تک جن بچوں نے پڑھائی نہیں کی ہے ان سے ضرور پڑھائی کروائیں۔ اگر کسی کو پڑھنے میں دقت ہو تو ٹیچر ان کی مدد کریں۔

30 منٹ

- پڑھائی کے بعد بچوں سے کہیں اپنی اپنی کاپیاں کھولیں۔ ٹیچر کتاب میں سے 10 جملوں کا dictation کروائیں۔ بعد میں بچے آپس میں کاپیاں تبدیل کریں اور ایک دوسرے کی dictation کی جانچ کریں

اور 10 میں سے نمبر دیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- بچے گھر میں اپنی امی یا کسی اور بڑے سے بات کر کے پوچھیں کہ روزانہ باہر کی چیزیں کھانے کے کیا نقصانات ہوتے ہیں۔ کم از کم تین نقصانات اپنی ہوم ورک کی کاپی میں لکھ کر لائیں۔ کل بچے کلاس میں اپنی پسند کی کوئی کہانی زبانی سنائیں گے۔ تیاری کر کے آئیں۔ یہ ہدایات ٹیچر بورڈ پر لکھیں بچے کاپی میں اتاریں۔

## سیشن 4

30 منٹ
- آج بچے اپنی پسند کی کہانیاں یاد کر کے آئے ہیں۔ بچے باری باری کہانی سنائیں۔ اگر کسی بچے میں خود اعتمادی کی کمی ہے یا شرما رہا ہے تو اس بات کا دھیان رکھیں کہ کوئی اس کا مذاق نہ اڑائے۔
کوشش کریں کہ کم از کم 10 بچے اس زبانی کام میں حصہ لے سکیں۔ اس زبانی کام کے لئے وقت کی پابندی بہت ضروری ہے۔ اس طرح کے زبانی کام میں جو عام نصاب سے ہٹ کر ہوتے ہیں بچوں کی دلچسپی نسبتاً زیادہ ہوتی ہے اور بچوں میں خود اعتمادی پیدا ہوتی ہے۔

10 منٹ
- ٹیچر بھی ایک دلچسپ سی کہانی بچوں کو سنائیں۔ زیادہ بہتر ہو اگر ٹیچر پہلے سے اس کی تیاری کر کے آئیں۔ مثلاً آپ ایک معصوم سے چوہے کی کہانی سنا سکتے ہیں جو شام تک گھر واپس نہیں آیا ہے۔ اس کی اماں بہت پریشان ہیں۔ وہ بے چاری گھر کے باہر ٹہل ٹہل کر اپنے چھوٹے سے چوہے کا انتظار کر رہی ہیں اور جب ہانپتا کانپتا چوہا آتا ہے تو اپنی اماں کو پورے دن کی روداد سناتا ہے کہ کس طرح اور کہاں کہاں وہ بلی سے چھپتا پھرا اور کس طرح مرغے نے اس کی جان بچائی اور شام تک اپنے ڈربے میں چھپا کر رکھا۔ مگر چوہے سے بھی ایک غلطی ہو گئی وہ یہ کہ اس نے ڈربے میں رکھے انڈے ذرا زور سے ہلا دیئے اور شاید چٹخ گئے تھے۔ اماں کو یہ سن کر بڑی پریشانی ہوئی اور بولیں چلو مرغے سے سوری کہہ کر آتے ہیں۔ مگر جب چھوٹا چوہا اور اس کی اماں ڈربے کے پاس

پہنچے تو انہیں دور سے اوملیٹ کی خوشبو آئی۔ مرغے کے ڈربے پر کھٹکا کیا تو مرغا باہر نکلا۔ چوہے نے سوری کہا تو مرغا بولا کوئی بات نہیں۔ کسی سے بھی غلطی ہو جاتی ہے۔ اس وقت تو گھر والے ان انڈوں کا اوملیٹ کھا رہے ہیں۔ چوہے نے سنا تو اماں سے لپٹ کر اوملیٹ کھانے کی ضد کرنے لگا۔

گھر کا کام

5 منٹ

- کل کلاس میں چاٹ بنائی جائے گی۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ ٹیچر مختلف بچوں سے چاٹ کے حوالے سے مختلف چیزیں منگوالیں۔ مثلاً بچوں کے ایک گروپ سے ابلے ہوئے چھولے۔ دوسرے گروپ سے املی، چاٹ مسالہ، پھل۔ تیسرے گروپ سے دہی، ابلے آلو، نمک وغیرہ۔
سارے سامان کی لسٹ ٹیچر بورڈ پر لکھ دیں اور کلاس کے مختلف گروپ سے مختلف چیزیں منگوالیں۔
چاٹ بنانے کے لئے بڑے پیالے چمچے وغیرہ اور چاٹ کھانے کے لئے ہر بچے سے ایک چھوٹا پیالا اور چمچہ منگوائیں۔ کوشش کریں کہ والدین پر اضافی بوجھ نہ پڑے۔

## سیشن 5

10 منٹ

- آج بچے پھل چھولے وغیرہ لائے ہوں گے۔ تمام چیزیں کلاس میں ایک میز پر رکھوا لیں۔ مختلف چیزوں کے متعلق ہلکی پھلکی بات بھی کرتے جائیں۔ مثلاً سیب کس چیز پر نکلتا ہے۔ انگور کس چیز پر نکلتے ہیں۔
جب بچے جواب دیں کہ سیب پیڑ پر اور انگور بیل پر نکلتے ہیں تو ان دونوں میں فرق پوچھیں مثلاً پیڑ بغیر کسی سہارے کے زمین پر کھڑے ہوتے ہیں اور بیل کو سہارے کی ضرورت ہوتی ہے۔
بیل نازک ہوتی ہے۔ پیڑ مضبوط ہوتے ہیں۔ پھر ان سے پوچھیں کہ کون سے پھل یا سبزی درختوں پر اگتے ہیں، کون سے بیل پر اور کون سے زمین کے اندر۔

35 منٹ

- اب پھلوں کو اچھی طرح دھلوا کر ٹیچر بڑے پیالے میں کاٹ کر ڈالیں۔ اس میں چاٹ مسالہ ملائیں۔ دوسرے پیالے میں ابلے چھولے اور آلو ملا کر املی کی چٹنی دہی اور اوپر سے چاٹ مسالہ ڈالیں۔ اس

کام میں اگر زیادہ وقت درکار ہو تو ٹیچر دوسرا پیریڈ بھی ہیڈ ماسٹر یا ہیڈ مسٹریس سے بات کر کے لے لیں۔ ٹیچر اس تمام کام میں بچوں کی مدد لیتی رہیں۔

بعد میں سب چھوٹے پیالوں میں ڈال کر گروپ کی صورت میں بیٹھ کر کھائیں۔ اس موقع پر اسکول کے ہیڈ ماسٹر یا ہیڈ مسٹریس کو ضرور بلائیں اور ان کو بھی چاٹ ضرور کھلائیں۔

## سیشن 6

5 منٹ

- آج مزید چار بچوں سے پڑھائی کر وائیں۔ ٹیچر ان بچوں سے پڑھوائیں جنھوں نے اس سبق کو پہلے نہیں پڑھا ہے۔

15 منٹ

- اب بچوں سے کہیں کہ ہم الفاظ کی ضد پر کام کریں گے۔

کتاب میں سے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں۔

الفاظ: دیر (جلدی)۔ میٹھی (نمکین)۔ چھوٹی (بڑی)۔ غصہ (پیار)۔ ڈال دیں (نکال لیں)۔ چیخ کر (نرمی سے)۔ اگلی (پچھلی)

بچوں سے ان کی ضد پوچھیں۔ پھر ایک بچے کو بلاکر بورڈ پر لکھوائیں۔ ساتھ ساتھ باقی بچے اپنی کاپی پر لکھتے جائیں۔

25 منٹ

- بچے صفحہ تین اور چار کی تصویریں غور سے دیکھیں۔

اب اپنی کلاس ورک کی کاپیاں کھول کر ان چیزوں کی فہرست لکھیں جو تصویروں میں نظر آ رہی ہیں۔

بچے کاپی میں دو کالم بنائیں۔ دائیں طرف چیزوں کے نام اور بائیں طرف ان کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔

دو بچوں سے باری باری فہرست پڑھوائیں۔ اس قسم کی مشق سے بچوں کا مشاہدہ بہتر ہوتا ہے۔

### گھر کا کام

- ٹیچر اگلے دن کسی چاٹ والے کو بلانے کا بندوبست کریں۔ بچے ان سے سوال جواب کریں مثلاً (ٹیچر

کی سہولت کے لئے کچھ سوالات دیئے جا رہے ہیں)
آپ کا نام کیا ہے؟
آپ یہ کام کب سے کر رہے ہیں؟
آپ کے کتنے بچے ہیں؟
آپ کی چاٹ بنانے کی ترکیب کیا ہے؟
آپ کے خیال میں بچوں کو چاٹ میں سب سے اچھا پھل کون سا لگتا ہے؟
صفائی کا کس طرح خیال رکھتے ہیں؟
آپ کی ایک پلیٹ کتنے کی ہوتی ہے؟
آپ صبح کب سے کام کرنا شروع کرتے ہیں؟
کیا گھر میں چاٹ بنانے میں کوئی آپ کی مدد کرتا ہے؟

## سیشن 7

5 منٹ
- پہلے چار پانچ بچوں سے کتاب کی پڑھائی کر وائیں۔

25 منٹ
- آج چاٹ والے اسکول میں آئے ہیں۔ پہلے ٹیچر ان سے تعارف کر وائیں۔ پھر بچوں کو اجازت دیں کہ وہ باری باری ان سے سوال کریں اور جواب کاپیوں میں لکھتے جائیں۔ ٹیچر بھی سوال کرتی جائیں۔

نوٹ: -
اگر بچے سارے جواب نہ لکھ پائیں تو کوئی حرج نہیں ہے۔

15 منٹ
- چاٹ والے کے جانے کے بعد بچوں سے کہیں کہ اپنی کلاس ورک کی کاپی میں ایک چھوٹا سا مضمون لکھیں۔ جس میں چاٹ والے کے ساتھ بات چیت کا ذکر آئے۔

گھر کا کام
- اگر کام پورا نہ ہو پائے تو بچے مضمون گھر سے مکمل کر کے لائیں۔

# پلیٹ چھوٹی یا بڑی
# دہی میٹھا یا سادہ
## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale